

# رجوع الی القرآن کورس

## تعارف

# PROSPECTUS

تنظیمِ اسلامی

دارالاسلام

مرکز تنظیمِ اسلامی

# فہرست


| | |
|---|---|
| پسِ منظر | 1 |
| اغراض و مقاصد | 2 |
| نصاب | 3 |
| اساتذہ کا تعارف | 9 |
| قواعد و ضوابط | 10 |
| رابطہ | 11 |
| داخلہ فارم | |

# رجوع الی القرآن کورس

## پس منظر

موجودہ دور میں ہم مسلمانوں کا ایک بڑا المیہ یہ ہے کہ معاشرے کا ایک طبقہ جدید تعلیم حاصل کرتا ہے اور اپنی زندگی کے کئی قیمتی سال اسکولوں اور کالجوں کی نذر کر دیتا ہے۔ دوسرا طبقہ ان افراد پر مشتمل ہے جو دینی تعلیم کے حصول کے لیے ابتداء ہی سے دینی مدارس کا رخ کرتے ہیں وہ اکثر و بیشتر دنیوی تعلیم کے میدان میں بہت پیچھے رہ جاتے ہیں۔ یہ ایک ناقابلِ تردید حقیقت ہے کہ ہمارے معاشرے کا اصل بہاؤ دُنیوی تعلیم ہی کی جانب ہے۔ اس کا نتیجہ یہ ہے کہ پڑھے لکھے لوگوں کی ایک عظیم اکثریت بی اے اور ایم اے کی سطح تک تعلیم حاصل کرنے کے باوجود دینی تعلیمات سے قطعی ناواقف ہوتی ہے، بلکہ ان میں سے اکثر قرآن حکیم کو سمجھنا تو درکنار، اسے ناظرہ پڑھنے پر بھی قادر نہیں ہوتے۔ گویا دینی لحاظ سے ایسے لوگوں کو اگر "پڑھے لکھے ان پڑھ" قرار دیا جائے تو غلط نہ ہو گا۔

بحیثیت مسلمان ہماری ایک نہایت اہم ذمہ داری یہ ہے کہ دین کا بنیادی علم حاصل کریں اور بالخصوص قرآن حکیم کو، جو سرچشمہ ٔہدایت ہی نہیں منبع ایمان اور یقین بھی ہے، سمجھ کر پڑھیں اور اس سے وہ ہدایت اور نصیحت اخذ کریں جس کا خزانہ اس کتابِ عظیم کی ایک ایک آیت اور ایک ایک سطر میں موجود ہے، تاکہ عملی زندگی کو اس کے مطابق استوار کیا جاسکے۔ یہ چیز اگرچہ ہر مسلمان کے لیے لازمی و واجب ہے لیکن ان لوگوں کے لیے جنہوں نے دنیوی تعلیم کے حصول میں برس ہابرس صرف کیے ہوں، گویا فرض عین کا درجہ رکھتی ہے۔ قرآنِ حکیم سے استفادے کے لیے عربی زبان کو اِس حد تک سیکھنا کہ قرآنِ حکیم پڑھتے ہوئے کسی ترجمہ کی مدد کے بغیر براہِ راست مفہوم سمجھ میں آتا جائے ناگزیر ہے۔

اِسی طرح حدیث نبوی ﷺ جو در حقیقت قرآنِ حکیم ہی کی شرح اور حکمت و احکام دین کا ایک عظیم خزانہ ہے کو سمجھنے کے لیے عربی زبان سیکھنا بے حد ضروری ہے۔ رجوع الی القرآن کورس کا مقصد یہی ہے کہ ایسے

حضرات وخواتین جو جدید تعلیم حاصل کر چکے ہوں کو عربی زبان کے بنیادی قواعد اور اُن بنیادی دینی علوم سے آراستہ کر دیا جائے جو قرآنِ حکیم کو پڑھنے، سمجھنے اور فہمِ دین کے حصول کے لیے ضروری ہیں۔

## اغراض ومقاصد

- تجوید کے بنیادی قواعد سکھا کر اتنی مشق کروادی جائے کہ وہ قرآنِ حکیم کی صحیح طور پر تلاوت کر سکیں۔
- اتنی عربی پڑھا دی جائے کہ عربی زبان کی گرامر کے بنیادی قواعد پر اُنہیں کسی حد تک دسترس حاصل ہو جائے تا کہ پھر کچھ اضافی محنت اور وقت لگا کر وہ یہ استعداد حاصل کر لیں کہ قرآنِ حکیم کی تلاوت کرتے ہوئے اِس کا مفہوم بھی اُنہیں ساتھ ساتھ سمجھ میں آتا چلا جائے اور قرآنِ حکیم سے ہدایت ونصیحت اخذ کرنے کے لیے اُنہیں ترجمہ دیکھنے کی ضرورت محسوس نہ ہو۔
- قرآنِ حکیم کے منتخب نصاب کے مطالعے اور تدریس کے ذریعے دین کا صحیح اور جامع تصور واضح انداز میں پیش کیا جائے تا کہ یہ بات واضح ہو جائے کہ ہمارا دین کیا ہے؟ وہ ہم سے کیا چاہتا ہے؟ مزید یہ کہ دینی ذمہ داریاں ادا کرنے کی عملی صورت کیا ہو سکتی ہے؟
- علمِ حدیث سے متعلق بنیادی تفصیلات سے روشناس کرا دیا جائے اور چند منتخب احادیث کا مطالعہ کرا دیا جائے کیونکہ احادیثِ مبارکہ ہی سے احکامِ قرآنی کی مستند تشریح اور عملی تفصیلات فراہم ہوتی ہیں ۔
- نبی اکرم ﷺ کی حیات طیبہ کے انفرادی و اجتماعی پہلوؤں کا مطالعہ کرا دیا جائے تا کہ زندگی بسر کرنے کے لیے عملی رہنمائی سامنے آ سکے۔
- اس قابل بنانے کی کوشش کی جائے کہ وہ قرآنِ حکیم کے پیغام کو اور رجوع الی القرآن کی دعوت کو دوسروں تک پہنچا سکیں اور نبی اکرم ﷺ کے فرمان مبارک

''خَيْرُكُمْ مَنْ تَعَلَّمَ الْقُرْاٰنَ وَعَلَّمَهٗ'' (بخاری)

''تم میں سے بہترین لوگ وہ ہیں جو قرآن سیکھیں اور سکھائیں''

کے مطابق وہ تعلّم و تعلیمِ قرآن کو اپنا مشن بنا کر آگے بڑھانے کی سعادت حاصل کر سکیں۔

# رجوع الی القرآن کورس

- دورانیہ ۹ ماہ
- اہلیت انٹرمیڈیٹ
- مردوں اور خواتین کے لیے

# نصاب

## I. ناظرہ و تجوید القرآن

صحیح مخارج، تلفظ اور ادائیگی کے ساتھ تلاوتِ قرآنِ حکیم کی استعداد پیدا کرنے کے لیے علمِ تجوید کے بنیادی قواعد کی تعلیم دی جاتی ہے۔ مزید برآں اِن قواعد کی مناسب حد تک مشق بھی کرادی جاتی ہے۔

| | |
|---|---|
| نصاب | • نورانی قاعدہ<br>• علم التجوید کے قواعد<br>• قواعد کا اطلاق (Application) |
| حوالہ جات | • جمال القرآن از مولانا اشرف علی تھانویؒ<br>• "قواعدِ تجوید" کے عنوان سے کتاب |

## II. عربی گرائمر

عربی گرائمر کے قواعد کی اس حد تک تعلیم دی جاتی ہے کہ قرآنِ حکیم کے مفہوم کو براہِ راست سمجھا جاسکے۔ عربی گرائمر کے قواعد کے اطلاق کے ساتھ قرآنِ حکیم کی منتخب سورتوں کا ترجمہ کرایا جاتا ہے تاکہ شرکاء میں قرآنِ حکیم کو براہِ راست سمجھنے کی استعداد پیدا ہو سکے۔

| | |
|---|---|
| نصاب | • آسان عربی گرائمر ۱، ۲، ۳<br>یا<br>• دروس اللغۃ العربیہ ۱، ۲، ۳ |

## III. ترجمۂ قرآن مع ترکیب

اس مضمون میں قرآنِ حکیم کی آیات کا ترجمہ اور صرفی و نحوی ترکیب بیان کی جاتی ہے۔ طلباء سے عربی گرائمر کے سیکھے ہوئے قواعد کا اطلاق قرآن مجید کی آیات پر براہ راست کروایا جاتا ہے۔ تاکہ طلباء کے اندر قرآن مجید کو بغیر ترجمہ کے پڑھنے کی صلاحیت پیدا کی جاسکے۔

| | |
|---|---|
| نصاب | • عربی گرائمر کے بنیادی قواعد<br>• قواعد کا اطلاق (قرآن حکیم کی منتخب سورتیں) |
| حوالہ جات | • عربی گرائمر برائے قرآن فہمی (مؤلف: حافظ انجینئر نوید احمدؒ) |

## IV. مطالعہ قرآن حکیم کا منتخب نصاب

سورۃ العصر اور اِس کی تشریح پر مشتمل بانی تنظیم اسلامی ڈاکٹر اسرار احمدؒ کا مرتب کردہ قرآنِ حکیم کے منتخب نصاب کا تفصیلی مطالعہ کرایا جاتا ہے تاکہ دین اسلام کا جامع تصور اور ایک مسلمان پر دینِ اسلام کے تقاضے اچھی طرح سے واضح کیے جاسکیں۔

| | |
|---|---|
| نصاب | • حصّہ اوّل: سورۃ العصر اور اُس کی تشریح پر مشتمل مقاماتِ قرآنی (جامع اسباق)<br>• حصّہ دوم: ایمان کی جملہ تفاصیل پر مشتمل مقاماتِ قرآنی<br>• حصّہ سوم: عمل صالح کی جملہ تفاصیل پر مشتمل مقاماتِ قرآنی<br>• حصّہ چہارم: جہاد فی سبیل اللہ کی جملہ تفاصیل پر مشتمل مقاماتِ قرآنی<br>• حصّہ پنجم: صبر و مصابرت کے بیان پر مشتمل مقاماتِ قرآنی<br>• حصّہ ششم: فرائض دینی کا جامع تصور سورۃ الحدید کی روشنی میں |
| حوالہ جات | • کتاب بعنوان مطالعہ ٔقرآن حکیم کا "منتخب نصاب" (مؤلف: ڈاکٹر اسرار احمدؒ)<br>• نکات برائے درس و تدریس (حصہ اوّل تا ششم) (مؤلف: حافظ انجینئر نوید احمدؒ)<br>• منتخب نصاب تفصیلی دروس DVDs (محترم ڈاکٹر اسرار احمدؒ) |

## V. حدیث و سنت ﷺ

اس مضمون میں "حدیث کی اہمیت و حجیت" کے موضوع پر لیکچر دیے جاتے ہیں اور موجودہ دور میں حدیث کے حوالے سے جو اعتراضات اٹھائے جاتے ہیں، اُن کے جوابات کی طرف شرکاء کی رہنمائی کی جاتی ہے۔ اِس کے ساتھ ساتھ "اربعینِ نووی" کا مطالعہ کرایا جاتا ہے جس سے شرکاء کے ایمان و عمل کو جِلا حاصل ہوتی ہے۔

| | |
|---|---|
| نصاب | • اصطلاحات واصول حدیث<br>• اربعین نووی میں درج 42 احادیث مبارکہ کا تفصیلی مطالعہ |
| حوالہ جات | • اربعین نووی (امام یحیٰی بن شرف الدین النوویؒ)<br>• تیسیر مصطلح الحدیث (ڈاکٹر محمود الطحان) |

## VI. مطالعہ سیرت النبی ﷺ

سنتِ رسول ﷺ کو اپنی انفرادی و اجتماعی زندگی میں عملی طور پر اپنانے کے لیے ضروری ہے کہ رسول اللہ ﷺ کی حیاتِ طیبہ کا مختلف پہلوؤں سے جائزہ لیا جائے۔ اس مقصد کے لیے شرکاء کو سیرت النبی ﷺ کے مختلف گوشوں کا مطالعہ کرایا جاتا ہے۔

| | |
|---|---|
| نصاب | • الرحیق المختوم (مولانا صفی الرحمٰن مبارکپوریؒ)<br>• سیرت مصطفیٰ ﷺ (مولانا محمد ادریس کاندھلویؒ) |

## VII. عقیدہ

دین اسلام کی بنیاد عقائد پر ہے، اس لیے ناگزیر ہے کہ ایک بندۂ مومن ان عقائد سے واقفیت حاصل کرے جو نبی کریم ﷺ کی سنت، صحابہ کرام کے تعامل اور سلف و خلف کے اجماع سے ہم تک پہنچے ہیں۔

## VIII. فقہ العبادات

اسلام میں عبادات کی اہمیت محتاجِ بیان نہیں اور جاننا چاہیے کہ کوئی عبادت اس وقت تک درست نہیں ہوتی جب تک اُسے سنتِ رسول ﷺ کے مطابق ادانہ کیا جائے۔ چنانچہ اس مضمون میں روزمرہ کے فقہی مسائل اور عام طور پر پیش آنے والے فقہی ابواب کی بنیادی تعلیم شاملِ نصاب ہے۔

| | | |
|---|---|---|
| نصاب | تعارفِ فقہ<br>فقہی اصطلاحات<br>طہارت : فضائل ومسائل<br>نماز : فضائل ومسائل<br>روزہ : فضائل ومسائل | زکوٰۃ : فضائل ومسائل<br>حج : فضائل ومسائل<br>نکاح وطلاق کے بنیادی وضروری مسائل<br>رسوم : احکام ومسائل<br>عقائد وبنیادی دینی تصورات (از ڈاکٹر اسرار احمد صاحبؒ) |
| حوالہ جات | • فقہ السنہ (محمد عاصم الحداد)<br>• بلوغ المرام (حافظ ابن حجر عسقلانی)<br>• تفہیم الفقہ (ابویوسف مفتی نعیم)<br>• آسان فقہ (مولانا یوسف اصلاحی) | |

## IX. فکرِ اسلامی واضافی محاضرات

اس موضوع کے تحت بنیادی دینی موضوعات پر لیکچر دیے جاتے ہیں تا کہ شرکاء پر دین کا جامع تصور واضح ہو۔ نتیجتاً اُن میں دین پر عمل اور اُس کے نفاذ کی جدوجہد کرنے کا جذبہ بیدار اور عملی اقدامات کے لیے لائحہ عمل متعین ہوسکے۔

| | | |
|---|---|---|
| نصاب | • فضیلت علم<br>• مسلمانوں پر قرآنِ مجید کے حقوق<br>• دین کا ہمہ گیر تصور<br>• دینی فرائض کا جامع تصور<br>• مسلمان خواتین کے دینی فرائض<br>• جہاد فی سبیل اللہ<br>• اجتماعیت اور بیعت کی اہمیت<br>• منہج انقلاب نبوی ﷺ<br>• اسلام کی نشأۃِ ثانیہ۔ کرنے کا اصل کام!<br>• تصور اہل سنت والجماعت<br>• فقہ اسلامی (تعریف، تاریخ اور تدوین)<br>• عقیدہ ختم نبوت<br>• فتنہ دجال<br>• فلسفہ قربانی | • احیائی تحریکیں<br>• چار سو سالہ تجدیدی مساعی اور تنظیم اسلامی کا محل و مقام<br>• احیائی تحریکوں کا تعارف<br>• احیائی تحریکوں کے بانیان کا تعارف<br>• احیائی عمل کے تین گوشے<br>• نئی نسل کی تربیت<br>• تنظیم الاوقات<br>• فکر اقبالؒ<br>• مکاتبِ فکرِ جدید و فکرِ اسلامی (فلسفہ)<br>• اکنامکس بمقابلہ اسلامی معاشیات<br>• سوشیالوجی<br>• سیاسیات |

# تعارف اساتذہ (FACULTY)

## ۱۔ استاذ ملک شیر افگن صاحب (مطالعہ سیرت النبی ﷺ ومنتخب نصاب)

- B.E (Aerospace)
- M.S (Engg. Mgmt.)
- رجوع الی القرآن کورس
- عریبک شارٹ کورس(IIUI)
- معاون خصوصی شعبہ تعلیم وتربیت
- مدیر رجوع الی القرآن کورس

## ۲۔ استاذ مولانا محمود حماد صاحب (حدیث وعقیدہ)

- B.Sc. Electrical Eng.(UET)
- رجوع الی القرآن کورس
- ایم اے اسلامیات
- فاضل درس نظامی

## ۳۔ استاذ مبشر عارف صاحب (عربی گرائمر وترجمۂ قرآن مع ترکیب)

- گریجوایشن (قرآن کالج)
- ایم ایس سی اکنامکس(IIUI)
- عربی کورس (مدینہ یونیورسٹی)

## ۴۔ استاذ مولانا حافظ تنویر احمد صاحب (تجوید وفقہ)

- حفظ قرآن
- فاضل درس نظامی
- بی ایڈ(U.O.S)
- ایم اے عربی(P.U)
- ایم فل اسلامک سٹڈیز(P.U)

# قواعد وضوابط

- رجوع الی القرآن کورس سال اوّل میں داخلے کے لیے کم از کم تعلیمی قابلیت انٹر میڈیٹ یا مساوی ہے۔ تاہم استثنائی صورت میں کم قابلیت کے حامل طلبہ کی درخواست پر بھی غور کیا جاسکتا ہے۔ البتہ حتمی داخلہ انٹرویو کے بعد دیا جائے گا۔
- کورس کا دورانیہ ۹ ماہ ہو گا۔ کورس کا آغاز عید الفطر کے تقریباً ایک مہینے بعد ہو گا۔
- کورس کے شرکاء کا لباس اسلامی شعار کے مطابق ہونا ضروری ہے۔ (یعنی شلوار قمیض، ٹوپی اور خواتین کے لیے چادر اور عبایہ)
- انتظامیہ اگر محسوس کرے کہ کوئی طالب علم کورس میں سنجیدہ نہیں یا اُس کا طرزِ عمل ادارے کے لیے نقصان دہ ہے تو اُس کا نام کورس سے خارج کیا جاسکے گا۔
- کامیابی کی سند صرف اُن طلبہ و طالبات کو دی جائے گی جن کی حاضری ہر مضمون میں کم از کم 70 فی صد ہو اور انہوں نے ہر مضمون کے امتحان میں کم از کم 50 فی صد نمبر حاصل کیے ہوں۔ امتحانات میں کامیاب نہ ہونے والے طلبہ کو کم از کم 50 فی صد حاضری کی بنیاد پر شرکت کی سند دی جائے گی۔
- **اوقات تعلیم**

پیر تا جمعرات 8:15 بجے صبح تا 01:00 بجے دن

جمعہ 08:15 صبح تا 11:45 بجے دن

- **فیس**

رجوع الی القرآن کورس میں کسی قسم کی فیس نہیں لی جائے گی (مخیر طلباء کی جانب سے اس ضمن میں انفاق کا خیر مقدم کیا جائے گا)۔ کتابوں کی بھی صرف رعایتی قیمت وصول کی جائے گی۔

## ❖ ہوسٹل

- مرکز کے ہاسٹل میں محدود تعداد میں طلبہ کے رہائش اور طعام کا انتظام ممکن ہو گا۔
- اگر ہاسٹل میں رہائش کے خواہش مند طلبہ کی تعداد گنجائش سے زیادہ ہو گی تو ان کے درمیان فیصلہ ان کی گزشتہ تعلیمی کارکردگی یا داخلہ انٹرویو کی بنیاد پر ہو گا۔
- ہوسٹل میں رہائش کے خواہش مند طلبہ کو دوران کورس کوئی اور مصروفیت رکھنے کی اجازت نہیں ہو گی
- ہاسٹل میں رہائش اور طعام کے اخراجات حسبِ ذیل ہوں گے:

| | |
|---|---|
| ○ سیکیورٹی (بوقتِ داخلہ) | 3500روپے (قابل واپسی) |
| ○ یوٹیلیٹی بلز | 500روپے (ماہانہ) |
| ○ میس کا خرچ | 3500روپے سے 4000روپے ماہانہ (اوسطاً) |

## رابطہ



| | | |
|---|---|---|
| دارالاسلام مرکز تنظیم اسلامی | : | 042-35473375-78 |
| کورس کوآرڈینیٹر | : | 0334-5632242 |
| ویب سائٹ | : | www.tanzeem.org |
| ای میل | : | riqc@tanzeem.org |
| ایڈریس | : | دار الاسلام، مرکز تنظیم اسلامی<br>23 کلومیٹر ملتان روڈ، نزد چوہنگ، لاہور |
| Onlineرجسٹریشن | : | www.tanzeem.org |

باسمہٖ تعالیٰ سبحانہ

پاسپورٹ سائز تصویر
چسپاں کریں
(صرف حضرات کے لیے)

تنظیمِ اسلامی

**(دارالاسلام مرکز تنظیم اسلامی)**

# رجوع الی القرآن کورس

(1) نام: ____________________ (2) والد کا نام: ____________________

(3) شوہر کا نام: ____________________ (4) شادی شدہ/غیر شادی شدہ ____________________

(5) شناختی کارڈ نمبر:

| | | | | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| | | | | | | | | | | | | | | |

(6) پتہ: ____________________________________________

____________________________________________

(7) فون: ____________ (8) موبائل: ____________ (9) واٹس ایپ: ____________

(10) ای میل: ____________________ (11) کاروبار/ملازمت: ____________________

(12) عمر: ________ (13) اگر کسی دینی ادارے سے وابستگی ہے تو اس کا نام: ____________________

(14) آپ کو اس کورس سے کیسے تعارف حاصل ہوا؟

☐ دورۂ ترجمہ قرآن ☐ اشتہار ☐ ہینڈ بل ☐ بینر

☐ دیگر: ________________________________

(15) پاس کردہ امتحانات

| امتحان | سال جس میں پاس کیا | گریڈ/ڈویژن | ادارہ |
|---|---|---|---|
| میٹرک | | | |
| انٹرمیڈیٹ | | | |
| گریجویشن | | | |
| پوسٹ گریجویشن | | | |
| حفظ قرآن/درسِ نظامی | | | |
| دیگر | | | |

میں حلفیہ اقرار کرتا/کرتی ہوں کہ اس فارم میں دی گئی معلومات و کوائف درست ہیں اور ان میں غلط بیانی سے کام نہیں لیا گیا ہے۔

تاریخ: ____________ ____________________

دستخط طالب علم/طالبہ

## دفتر کے لیے

داخلہ کمیٹی کا فیصلہ

(i) کورس میں داخلہ: منظور/نامنظور (ii) ہاسٹل کا داخلہ منظور/نامنظور

(iii) میس اخراجات____________________________________

دستخط ناظم تعلیم و تربیت____________________

**نوٹ:** (1) پاس کردہ آخری امتحان کے نتائج (2) قومی شناختی کارڈ کی فوٹو کاپی اور (3) پاسپورٹ سائز حالیہ تصویر (صرف حضرات کے لیے) منسلک کیجیے (4) داخلے کا حتمی فیصلہ انٹرویو کے بعد ہی کیا جائے گا۔

تنظیمِ اسلامی کا پیغام　　　　خلافتِ راشدہ کا نظام

# تنظیمِ اسلامی

مروجہ مفہوم کے اعتبار سے

نہ کوئی سیاسی جماعت ہے نہ مذہبی فرقہ

بلکہ ایک اصولی

# اسلامی انقلابی جماعت

ہے جو اوّلاً پاکستان اور بالآخر ساری دنیا میں

# دینِ حق

یعنی اسلام کو غالب کرنے یا دوسرے لفظوں میں

# نظامِ خلافت

کو قائم کرنے کے لیے کوشاں ہے!

بانئ تنظیم : ڈاکٹر اسرار احمد رحمۃ اللہ علیہ

امیرِ تنظیم : شجاع الدین شیخ حفظہ اللہ